گندم کی برآمد پر پابندی عائد کی جائے، یہ پابندی اس وقت تک برقرار رہے جب تک کہ ملک میں گندم کی ضرورت پوری نہیں ہو جاتی

ممکنہ طور پر فوری اور سستے آٹے کے حصول کیلئے ٹاؤن یا یوسی کی سطح پر چھوٹے چھوٹے آٹا بچت بازار یا اسٹال قائم کئے جائیں

اندرون سندھ جہاں قومی موومنٹ کی بلدیاتی گورنمنٹ یا ایم این ایز، ایم پی ایز نہیں وہاں کراچی سے تعلق رکھنے والے ایم پی ایز کے مخصوص فنڈ کا نصف ترقیاتی کاموں کیلئے دیا جائے گا

ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر حق پرست اراکین پارلیمنٹ وٹاؤن ناظمین، نائب ناظمین اور شعبہ جات کا مشترکہ اجلاس

کراچی۔۔۔26 ستمبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین پارلیمنٹ وٹاؤن ناظم و نائب ناظمین اور دیگر شعبہ جات کے ارکان کا ایک مشترکہ اجلاس عزیز آباد کے خورشید بیگم میموریل ہال میں منعقد ہوا جس کی صدارت رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے کی۔اجلاس میں رابطہ کمیٹی کے انچارج انور عالم، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، اراکین رابطہ کمیٹی، شعیب بخاری، عادل صدیقی، شاہد لطیف، ڈاکٹر نصرت اور نیک محمد بھی موجود تھے۔اجلاس میں ملک کی عمومی سیاسی اور اقتصادی صورتحال کے علاوہ ملک میں جاری گندم کے بحران، ہوشربا مہنگائی اور بجلی کے بحران پر خصوصی طور پر غور کیا گیا تاہم اجلاس میں گندم کے موجودہ بحران کو کلیدی اہمیت حاصل تھی۔اجلاس میں ملک میں جاری گندم کے بحران پر گہری تشویش کا اظہار کیا گیا اور حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ وہ فوری طور پر گندم کی برآمد پر پابندی عائد کرے اور یہ پابندی اس وقت تک برقرار رہے جب تک کہ ملک میں گندم کی ضرورت پوری نہیں ہو جاتی۔اجلاس میں کہا گیا کہ گندم کے بحران پر قابو پانے کیلئے پڑوسی ممالک سمیت ہر اس ملک سے فوری طور پر گندم درآمد کی جائے جہاں سے اس کا حصول نسبتاً فوری اور سستا ہو۔اجلاس میں حکومت سے مطالبہ کیا کہ ذخیرہ اندوزوں کیخلاف فوری طور پر کارروائی کی جائے۔رابطہ کمیٹی نے سٹی گورنمنٹ کراچی اور ٹاؤن ناظمین سے بھی کہا گیا کہ وہ ممکنہ طور پر فوری اور سستے آٹے کے حصول کیلئے ٹاؤن یا یوسی کی سطح پر چھوٹے چھوٹے آٹا بچت بازار یا اسٹال قائم کرے جہاں سے عوام کو فوری اور سستا آٹا فراہم کیا جاسکے۔اجلاس میں حکومت سے یہ بھی مطالبہ کیا گیا کہ گندم کی برآمد پر پابندی عائد کر کے گندم کی درآمد کو یقینی بنایا جائے اور محبّ وطن اور ایماندار تاجروں کو بھی آٹے کی برآمد کی لائسنس جاری کیے جائیں۔اجلاس میں کراچی میں خصوصی طور پر رمضان المبارک میں ٹریفک کے بہترین انتظامات کرنے پر سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ اور ٹاؤنوں کی کوششوں کی تعریف کی گئی جس کے باعث کراچی میں ٹریفک میں خلل کے واقعات رونما نہیں ہوئے۔تاہم اجلاس میں مختلف ٹاؤنوں میں صفائی ستھرائی کی صورتحال پر قدرے عدم اطمینان کا اظہار کیا گیا اور ٹاؤن ناظمین کو تاکید کی گئی کہ وہ اپنے ٹاؤنوں میں صفائی ستھرائی کو یقینی بنائیں اور کچرے کے ڈھیر فوری طور پر صاف کیے جائیں۔اجلاس میں یہ اہم فیصلہ بھی کیا گیا کہ اندرون سندھ میں جہاں متحدہ قومی موومنٹ کی بلدیاتی گورنمنٹ یا ایم این ایز، ایم پی ایز نہیں اور ان علاقوں کو دیگر جماعتوں سے تعلق رکھنے والے موجودہ ایم این ایز، ایم پی ایز اور نمائندوں نے نظرانداز کیا ہے وہاں کراچی سے تعلق رکھنے والے ایم پی ایز کے مخصوص فنڈ کا نصف ترقیاتی کاموں کیلئے دیا جائے گا جس سے نہ صرف اندرون سندھ میں ترقیاتی کام ممکن ہوسکیں گے اور دیگر عوامی مسائل حل ہوں وہاں اندرون سندھ کے عوام میں پایا جانے والا احساس محرومی بھی ختم ہوگا۔اجلاس میں تمام اراکین پارلیمنٹ اور ٹاؤن ناظمین کو واضح تاکید کی گئی کہ وہ قائد تحریک الطاف حسین کے فکر و فلسفے، مشن اور نظریے کو ملحوظ خاطر رکھیں، عوام کے درمیان رہیں ان کے مسائل معلوم کریں اور انہیں حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کی جائے، متحدہ قومی موومنٹ حق پرست اراکین پارلیمنٹ کی اس سلسلے میں تساہلی یا غفلت کو کسی صورت برداشت نہیں کرے گی۔

میٹرو ٹی وی کے ڈائریکٹر سید کاظم رضا کے والد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔26، ستمبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے میٹرو TV کے ڈائریکٹر سید کاظم رضا کے والد غلام علی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔26، ستمبر 2007ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 80 کے کارکن افضال کی والدہ محترمہ صغری بیگم، ایم کیوایم کے پختون کارکن شاہ حسین کے بھائی بادشاہ حسین اور ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر کی سیکٹر کمیٹی کے رکن ندیم کی ہمشیرہ محترمہ فرزانہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔

☆☆☆☆☆